# ماڈل پیپر "تاریخ مسلم انڈیا"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ

کل نمبر: 20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) راجہ داہر کی راج دہانی کون سی تھی؟

(الف) ملتان (ب) برہمن آباد (ج) دیبل (د) الور

(ii) محمود غزنوی کس سال تخت نشین ہوا؟

(الف) 990ء (ب) 997ء (ج) 998ء (د) 1000ء

(iii) ترائن کی دوسری لڑائی کب لڑی گئی؟

(الف) 1181ء (ب) 1185ء (ج) 1191ء (د) 1192ء

(iv) سلطنت دہلی کا پہلا مسلمان سلطان کون تھا؟

(الف) غیاث الدین بلبن (ب) محمود غزنوی (ج) قطب الدین ایبک (د) شہاب الدین غوری

(v) سلطان محمود غزنوی نے سومنات پر کب حملہ کیا؟

(الف) 1020ء (ب) 1026ء (ج) 1029ء (د) 1031ء

(vi) ہلاکو خان نے بغداد کی عباسی حکومت ختم کر ڈالی۔

(الف) 1025 میں (ب) 1258 میں (ج) 1193 میں (د) 1210 میں

(vii) سلطان جلال الدین نے خلجی حکومت کب قائم کی؟

(الف) 1258ء (ب) 1290ء (ج) 1230ء (د) 1268ء

(viii) سلطان جلال الدین خلجی کی موت کیسے واقع ہوئی؟

(الف) شراب نوشی کی وجہ سے (ب) حادثے سے (ج) قتل کیا گیا (د) بیماری سے

(ix) خلجی خاندان کا آخری حکمران کون تھا؟

(الف) مبارک شاہ خلجی (ب) شہاب الدین خلجی (ج) ملک کافور (د) جلال الدین خلجی

(x) غیاث الدین تغلق نے حکومت کی بنیاد کب رکھی؟

(الف) 1325 (ب) 1320 (ج) 1285 (د) 1310

(xi) کتاب الہند کس کی تصنیف ہے؟

(الف) ضیاالدین برنی (ب) شاہ ولی اللہ (ج) ابوریحان البیرونی (د) خافی خان

(xii) برصغیر کے عہد سلاطین کا عظیم موسیقار کون تھا؟

(الف) تان سین (ب) بلاس خان (ج) امیر خسرو (د) عادل سوری

(xiii) علامتی سکے کس نے جاری کیے؟

(الف) محمد غوری (ب) غیاث الدین بلبن (ج) محمد تغلق (د) علاؤالدین خلجی

(xiv) پانی پت کی پہلی لڑائی میں شکست کس کو ہوئی؟

(الف) دولت خان لودھی (ب) عالم خان لودھی (ج) سکندر لودھی (د) ابراہیم لودھی

(xv) سلطان قطب الدین ایبک کا مقبرہ کہاں واقع ہے؟

(الف) دینا ضلع جہلم (ب) لاہور (ج) دہلی (د) اجمیر

(xvi) نظام الدین اولیا کا تعلق تصوف کے کس سلسلے سے تھا؟

(الف) قادریہ (ب) چشتیہ (ج) سہروردیہ (د) نقشبندیہ

(xvii) محمد غوری نے دہلی حکومت کس سے چھینی تھی؟

(الف) جے چند (ب) رانا سانگا (ج) پرتھوی راج (د) رانا پرتاب

(xviii) حضرت بہاوالدین زکریا کا مزار کہاں واقع ہے؟

(الف) لاہور (ب) ملتان (ج) اجمیر شریف (د) اوچ شریف

(xix) لودھی خاندان کی حکومت کب ختم ہوئی؟

(الف) 1258ء (ب) 1398ء (ج) 1498ء (د) 1526ء

(xx) امیر تیمور کا تعلق کس نسل سے تھا؟

(الف) ترک (ب) ازبک (ج) افغان (د) منگول

# ماڈل پیپر "تاریخ مسلم انڈیا"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-I

### حصہ انشائی

وقت: 2-30 گھنٹے　　　　کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔　　25x2=50

## حصہ اول

**سوال نمبر 1- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) راجہ داہر کون تھا؟ چچ اس کا کیا لگتا تھا؟

(ii) راجہ داہر کی حکومت میں بدھ مت کے ماننے والوں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا گیا؟

(iii) راجہ داہر کی عوام میں غیر مقبول ہونے کی کیا وجوہات تھیں؟

(iv) چار جملوں میں امیر سبکتگین کا تعارف کروائیے۔

(v) ہندو راجاؤں کے مقابلے میں محمود غزنوی کی کامیابی کے کوئی سے دو اسباب بتائیے۔

(vi) لاہور میں غزنوی خاندان کا آخری حکمران کون تھا؟ اس کی حکومت کس نے ختم کی؟

(vii) سلطان شہاب الدین محمد غوری کے کتنے بیٹے تھے؟

(viii) ناصر الدین بادشاہ کون تھا؟ قطب الدین ایبک کے ساتھ اس کا کیا رشتہ تھا؟

(ix) برصغیر کی پہلی خاتون حکمران کون تھی؟ چار جملوں میں اس کا تعارف کروائیے؟

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) جنوبی ہندوستان کی فتح کا آغاز کس کے دور حکومت میں ہوا اور کیسے؟

(ii) بغرا خان کون تھا اور اس نے کس صوبہ میں اپنی حکومت قائم کی؟

(iii) خسرو خان نے کس طرح اپنی حکومت قائم کی اور وہ کیوں ناکام ہوئی؟

(iv) ملک کافور کون تھا اسے کس نے قتل کیا؟

(v) قطب مینار کی بنیاد کس نے رکھی اور تکمیل کس نے کی؟

(vi) قطب الدین بختیار کاکی کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور کیوں؟

(vii) ابن بطوطہ کس سلطان کے عہد میں برصغیر آیا؟

(viii) ضیاء الدین برنی نے کس سلطان پر تنقید کی ہے؟

(ix) ضیاء الدین برنی کی معروف کتاب کا نام بتائیے جو اس دور کی تاریخ کا اہم محافظ ہے۔

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) سلطانی دور میں امیر حاجب کی ذمہ داری کیا تھی؟

(ii) کیا آپ کے خیال میں سلطان سکندر لودھی کامیاب حکمران تھا؟ چار جملوں میں وضاحت کریں۔

(iii) امیر تیمور نے دہلی پر کب حملہ کیا اور کس کو اپنا جانشین مقرر کیا؟

(iv) کس سلطان نے اپنا دارالحکومت دکن میں منتقل کیا اور کہاں؟

(v) سلطان محمد تغلق نے کب سے کب تک حکومت کی؟

(vi) ملک چھجو کون تھا؟

(vii) کشف المحجوب کس کی تصنیف ہے؟ اس کا تعارف کرائیں۔

(viii) بابا فرید شکر گنج کہاں دفن ہیں اور ان کا تعلق صوفیا کے کس سلسلے سے تھا؟

(ix) ملک التونیہ کون تھا؟ اس کے انجام کے بارے میں بتائیں۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ترک سلاطین میں کون سا سلطان تھا جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے قرآن پاک لکھتا تھا۔

(ii) کیقباد بلبن کا کیا لگتا تھا؟ اس کے انجام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) سیدی مولا کون تھا؟ اس کو کس سلطان نے قتل کروایا؟

(iv) حضرت لعل شہباز قلندر کا اصل نام کیا تھا؟ ان کا مزار کہاں ہے؟

(v) طبقات ناصری کس کی تصنیف ہے؟

(vi) برصغیر میں چشتی سلسلے کے بانی کون تھے؟ ان کا چار جملوں میں تعارف کروائیے۔

(vii) ملک ایاز کون تھا اور اس کا مزار کہاں ہے؟

(viiii) پاکستان کے کس صوبہ کو باب الاسلام کہا جاتا ہے اور کیوں؟

(ix) محمد بن قاسم نے آخری اہم شہر کون سا فتح کیا اور کب؟

(x) سلطان محمود غزنوی کب فوت ہوئے اور ان کا جانشین کون ہوا؟

## حصہ دوم

**نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔** 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ محمد بن قاسم کے ہاتھوں سندھ کی فتح کے اسباب و اثرات کا تجزیہ کیجئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ سلطان شمس الدین التمش کو دہلی سلطنت کا اصل بانی کہا جاتا ہے کیوں؟ 10

سوال نمبر 7۔ غیاث الدین بلبن کو برصغیر کی تاریخ میں کیا اہمیت حاصل ہے؟ اس کے کارناموں کی روشنی میں وضاحت کریں۔ 10

سوال نمبر 8۔ سلطان علاؤالدین خلجی کی معاشی اصلاحات پر تنقیدی نوٹ لکھیں۔ 10

سوال نمبر 9۔ سلاطین دہلی کے دور میں فنون لطیفہ کی ترقی پر ایک نوٹ لکھئے۔ 10